اذا قامت الصلوٰۃ فاعدلوا الصفوف وحاذوا بالمناکب (۱۰) موطاامام محمد ص ۸۸) کہ جب نماز کھڑی ہو جائے یعنی اقامت ہو جائے تو صفیں درست کرو اور کندے برابر کرو۔

**تفہیم** یہاں بھی فاعدلوا میں؛ فاء ہے جو ترتیب کا فائدہ دیتی ہے کہ پہلے اقامت ہو پھر صفیں بنائی جائیں۔

(۸) جناب ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاعدلوا صفوفکم واقیموھا (۱۱) مسند احمد ص ۳ ج ۳) جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو صفیں برابر کیا کرو اور ان کو سیدھا کرو۔

**تفہیم** غور فرمائیں کہ صفیں درست کرنے کا حکم نماز کھڑی ہونے پر ہے اور نماز اقامت سے کھڑی ہوتی ہے کیونکہ اقامت کا معنی ہی کھڑا کرنا ہے ودونہ خرط القتاد

خلاصہ یہ ہے کہ جونہی اقامت شروع ہو تو لوگوں کو بھی نماز کے لیے کھڑا ہونا چاہیے کسی خاص لفظ پر کھڑا ہونا ثابت ومنقول نہیں ہے۔ اب جو آدمی جوان ہوں گے تو وہ جلدی کھڑے ہو جائیں گے اور جو ذرا عمر رسیدہ ہوں گے وہ آرام سے کھڑے ہو جائیں۔ پھر صفیں سیدھی کی جائیں۔ پاؤں کا رخ قبلہ کی طرف کریں پھر امام صاحب تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کریں' اللہ پاک سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

## حافظ عبدالرزاق سعیدی کی بیوہ انتقال کر گئیں

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ علماء اہل حدیث کے مربی ومحسن حافظ عبدالرزاق سعیدی فاروق آبادی' رحمۃ اللہ علیہ کی بیوہ مختصر علالت کے بعد 31 مئی 2013ء بروز جمعہ کو صبح کے وقت انتقال فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحومہ نہایت متقی' پرہیز گار اور صالحہ خاتون تھیں حافظ عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ کے تبلیغی مشن میں ہر عُسر یُسر میں حافظ صاحب کی معاون رہیں۔ حافظ صاحب کا دستر خوان بھی بہت وسیع تھا جس میں مرحومہ کی محنت اور علماء کی خدمت کا جذبہ بھی شامل تھا الختصر کہ مرحومہ بہت سی خوبیوں کی مالک تھیں اللہ تعالیٰ انکی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے (آمین) جامعہ سلفیہ کی انتظامیہ اساتذہ وطلبہ نے پسماندگان خصوصاً قاری زاہد محمود' حکیم راشد محمود' شاہد محمود سعیدی اور پروفیسر ناصر محمود سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحومہ کی بخشش فرمائے (آمین) (ادارہ)

© rasailojaraid.com